رول نمبر۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔(امیدوار خود پُر کرے)( تعلیمی سیشن 2014-2016 تا 2016-2018ء)

اردو (لازمی) — 218 - (انٹر پارٹ۔II) — وقت : 20 منٹ

سوالیہ پرچہ : II (معروضی طرز) — LHR-G2-12-18 PAPER CODE = 8024 — کل نمبر : 20

( دوسرا گروپ )

نوٹ : ہرسوال کے چارممکنہ جوابات A، B، C اور D دیئے گئے ہیں۔ جوابی کاپی پر ہرسوال کے سامنے دیئے گئے دائروں میں سے درست جواب کے مطابق متعلقہ دائرہ کو مارکر یا پین سے بھر دیجئے۔ ایک سے زیادہ دائروں کو پُر کرنے یا کاٹ کر پُر کرنے کی صورت میں مذکورہ جواب غلط تصور ہوگا۔

دیے گئے سوالات کے جوابات میں سے درست جواب منتخب کیجیے :

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| 1-1 | زبیر کو کس نے پھانسی دی : | (A) جلاد نے | (B) اس کے باپ نے | (C) عبداللہ نے | (D) فوج نے |
| 2 | نواب محسن الملک کو بہت شوق تھا : | (A) سیر کا | (B) تحریر کا | (C) تقریر کا | (D) مطالعے کا |
| 3 | حضرت عمر بن عبدالعزیزؒ نے جب وفات پائی تو ترکہ میں دینار چھوڑے : | (A) سترہ | (B) ستر | (C) ستر سو | (D) ستر ہزار |
| 4 | مسلمان حکمرانوں نے مواصلات کے لیے کون سا جداگانہ محکمہ قائم کیا : | (A) الجرید | (B) دیوان البرید | (C) دیوان الحبیب | (D) دیوان الرشید |
| 5 | " اسبابِ بغاوتِ ہند " کس کی تصنیف ہے : | (A) حالیؔ | (B) شبلیؔ | (C) سرسید | (D) مولوی نذیر احمد |

مطابقت اور حروف کے صحیح استعمال کو مدِ نظر رکھتے ہوئے درست جواب منتخب کیجیے :

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| 6 | میں نے ارشد ۔۔۔ کتاب دی : | (A) کو ہی | (B) ہی کو | (C) کو تو | (D) جی کو |
| 7 | ۔۔۔ انگلیاں برابر نہیں ہوتیں : | (A) پانچ | (B) پانچوں | (C) سات | (D) دس |
| 8 | آپ کے مزاج ۔۔۔۔ : | (A) کیا ہیں | (B) کس طرح ہیں | (C) کیسے ہیں | (D) کیسا ہیں |
| 9 | جوں جوں اُوپر جاتے گئے ۔۔۔ سردی بڑھتی گئی : | (A) ویسے ویسے | (B) ایسے ہی | (C) توں توں | (D) پھر |
| 10 | " کلیاتِ مجید امجد " چھپ ۔۔۔۔ : | (A) گئے | (B) گئی | (C) گیا | (D) گئیں |

رموزِ اوقاف کے اصولوں کو مدِ نظر رکھتے ہوئے درست جواب منتخب کیجیے :

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| 11 | جو کرے گا ۔۔۔ سو بھرے گا : | (A) ؛ | (B) ، | (C) | (D) :- |
| 12 | سوالیہ کی تعریف ہے : | (A) سوال پوچھنا | (B) جواب دینا | (C) فقرے کی تکمیل | (D) مختصر ٹھہراؤ |
| 13 | ( :- ) علامت ہے : | (A) سوالیہ | (B) تفصیلیہ | (C) رابطہ | (D) سکتہ |
| 14 | جملہ معترضہ کو ۔۔۔۔ لکھا جاتا ہے : | (A) واوین میں | (B) قوسین میں | (C) تفصیلیہ کے بعد | (D) سوالیہ کے ساتھ |
| 15 | علی ۔ انہام ۔ خیام اور ریحان گہرے دوست ہیں : | (A) ؟ | (B) ؛ | (C) ، | (D) : |

امدادی افعال کے اصولوں کو مدِ نظر رکھتے ہوئے درست جواب منتخب کیجیے :

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| 16 | پڑنا : | (A) میرا گھر راستے میں پڑتا ہے۔ | (B) اسے مجھ سے کام پڑ گیا۔ | (C) وہ سکول میں پڑھتا ہے۔ | (D) بلی چوہوں پر ٹوٹ پڑی۔ |
| 17 | پانا : | (A) اس نے آخر کار اسے پالیا۔ | (B) وہ اسے پانا چاہتا ہے۔ | (C) میں دو ماہ تک یہ کام ختم کر پاؤں گا۔ | (D) میرے لیے اسے پانا ممکن نہیں ہے۔ |
| 18 | آنا : | (A) وہ یہاں آیا۔ | (B) تم میرے پاس آؤ۔ | (C) مجھے کالج چھوڑ آؤ۔ | (D) ذرا یہاں آنا۔ |
| 19 | چاہنا : | (A) وہ اسے چاہتا ہے۔ | (B) مجھے اس نے چاہا۔ | (C) موسمِ خزاں آیا چاہتا ہے۔ | (D) اسے چاہا گیا۔ |
| 20 | اٹھنا : | (A) وہ یہاں سے اُٹھا۔ | (B) اس نے بوجھ اُٹھایا۔ | (C) وہ اُٹھتے ہی گر گیا۔ | (D) بچہ بھوک سے بلبلا اُٹھا۔ |

152-218-II-(Objective Type)-20000 (8024)

ParhloPakistan.com

رول نمبر ---------- (امیدوار خود پُر کرے) (تعلیمی سیشن 2014-2016 تا 2016-2018)

اردو (لازمی)

218 - (انٹر پارٹ۔II)

پرچہ : II (انشائی طرز)

وقت : 2.40 گھنٹے

کل نمبر : 80

LHR-G2-12-18

( دوسرا گروپ )

( حصہ اوّل )

2۔ (الف) درج ذیل اشعار کی تشریح کیجیے۔ نظم کا عنوان اور شاعر کا نام بھی لکھیے : 1,1,8

یہ پہلا سبق تھا کتابِ ہُدیٰ کا
کہ ہے ساری مخلوق کنبہ خدا کا
وہی دوست ہے خالقِ دوسرا کا
خلائق سے ہے جس کو رشتہ وِلا کا

(ب) درج ذیل اشعار کی تشریح الگ الگ کیجیے اور شاعر کا نام بھی لکھیے : 1,3,3,3

رونے سے کام بس کہ شب اے ہم نشیں رہا
آنکھوں پہ کھنچا میں، سرِ آستیں رہا
نازک مزاج تھا میں بہت اس چمن کے بیچ
جب تک رہا تو خندۂ گل سے حزیں رہا
یارانِ گرم رَو تو سب آگے نکل گئے
ان سے میں تنگِ قافلہ پیچھے کہیں رہا

( حصہ دوم )

3۔ سیاق و سباق کے حوالے سے کسی ایک جز کی تشریح کیجیے۔ نیز سبق کا عنوان اور مصنف کا نام بھی لکھیے : 1,1,3,10

(الف) غرض پہلی ہی ملاقات میں مزاج دار نے جُجن کے ساتھ ایسی بے تکلفی کی کہ اپنا حال جزو و کل اس سے کہ دیا اور جُجن نے باتوں ہی باتوں میں تمام بھید معلوم کر لیا۔ ایک پہر کامل جُجن بیٹھی رہی۔ رخصت ہونے لگی تو مزاج دار نے بہت مِنت کی کہ اچھی بی جُجن، اب کب آؤ گی؟ جُجن نے کہا : ''میری بھانجی موم گروں کے چھتے میں رہتی ہے اور بہت بیمار ہے۔ اسی کے علاج کے واسطے میں آگرے سے آئی ہوں۔''

(ورق الٹئے)

ParhloPakistan.com

3۔ (ب) یہ تدبیر کارگر ہوئی۔ مولانا نے مجھ سے ہمدردی ظاہر کی۔ علاج کے متعلق چند معقول مشورے دیے اور تشریف لے گئے۔ میں نے خدا کا شکر ادا کیا اور جی میں تہیہ کر لیا کہ اب دفتر میں نہیں رہوں گا۔
اب یہ بات بھی سمجھ میں آ گئی کہ مولانا توند سے کیوں محروم ہیں۔

4۔ درج ذیل میں سے کسی ایک نصابی سبق کا خلاصہ لکھیے اور مصنف کا نام بھی تحریر کیجیے :

(الف) اکبری کی حماقتیں ۔ (ب) نواب محسن الملک ۔

5۔ مجیدامجد کی نظم '' ایک کوہستانی سفر کے دوران میں '' کا خلاصہ تحریر کیجیے۔

6۔ درج ذیل عنوانات میں سے کسی ایک عنوان پر مفصل مضمون تحریر کیجیے :

(الف) دہشت گردی ایک عالمی مسئلہ۔ (ب) تعمیر وطن میں طلبا کا کردار ۔

(ج) اتحادِ عالمِ اسلام ۔

7۔ چھوٹے بھائی کو خط لکھ کر ہم نصابی سرگرمیوں میں حصہ لینے کی ترغیب دیجیے۔



ParhloPakistan.com